امیر الدین میڈیکل کالج میں 100 طلباء کا داخلہ، راہنمائی کیلئے خصوصی کاؤنٹر قائم

14 نومبر کو کاغذات جمع کرانے کی ہدایت، 18 نومبر سے تعلیمی سیشن کا آغاز ہوگا

لاہور 9 نومبر:...... یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کی طرف سے شائع کردہ فہرستوں کے مطابق لاہور جنرل ہسپتال سے منسلک امیر الدین میڈیکل کالج میں 100 طلبا و طالبات کا ایم بی بی ایس میں داخلہ ہوگیا۔ ان میں 52 طلبا اور 48 طالبات شامل ہیں جو 2019-20 کے سیشن میں میڈیکل ڈگری کی تعلیم حاصل کریں گے۔ پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے ان سٹوڈنٹس کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے شاندار مستقبل کے لئے خصوصی دعا کی ہے۔ پرنسپل نے داخلہ حاصل کرنے والے بچوں کیلئے امیر الدین میڈیکل کالج میں خصوصی کاؤنٹر قائم کرنے کی بھی ہدایت کی ہے جو ان سٹوڈنٹس کی مناسب رہنمائی کرے گا۔

تفصیلات کے مطابق امیر الدین میڈیکل کالج میں داخلہ حاصل کرنے والے ان 100 طلبا و طالبات کو ہدایت کی ہے کہ وہ 14 نومبر 2019 کو سٹوڈنٹس آفیئرز سیکشن میں اپنی تعلیمی اسناد دیں۔ ان بچوں کو 15 نومبر 2019 تک اپنی فیس جمع کروانی اور 16 نومبر تک میڈیکل چیک اپ کروانا ہوگا۔ جبکہ ایم بی بی ایس کی کلاسز کا آغاز 18 نومبر 2019 سے کر دیا جائے گا۔ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر الفرید ظفر نے اس توقع کا اظہار کیا ہے کہ ان سٹوڈنٹس کو اس شاندار تعلیمی ادارے امیر الدین میڈیکل کالج میں اعلیٰ فیکلٹی ممبران کی سرپرستی حاصل ہوگی اور وہ مستقبل کے بہترین ڈاکٹر ثابت ہوں گے۔